103

Roll No. [ | | | | | ]

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

حصہ اوّل (کُل نمبر: 20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر 1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے

(i) محاورے کو شعر میں ایسا سمجھنا چاہیے جیسے کوئی ______

الف۔ نگینہ ب۔ خوبصورت عضو بدن

ج۔ چاند د۔ روشن ستارہ

(ii) ایک جرمن دانشور کا قول ہے کہ ______ کی آدھی دکانیں بند کر دو میں تمھیں آدھے ہسپتالوں، جرائم کے اڈوں اور جیل خانوں کے بند ہو جانے کی ضمانت دیتا ہوں۔

الف۔ شراب ب۔ سگریٹ

ج۔ بھنگ د۔ چرس

(iii) قومیں اپنی بھلائی کے لیے کس پر بھروسہ کرتی ہیں؟

الف۔ گورنمنٹ پر ب۔ خود پر

ج۔ گھر پر د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(iv) چور بخاری کے گھر سے ______ لے کر گئے۔

الف۔ زیور کا ڈبا ب۔ مٹھائی کا ڈبا

ج۔ سلائی کا ڈبا د۔ ابتدائی طبی امداد کا ڈبا

(v) پاکستان جنوبی ایشیا کی آبادی کا صرف 10% ہونے کے باوجود سگریٹ نوشی میں ______ حصہ بٹانے والا ملک ہے۔

الف۔ 32% ب۔ 30%

ج۔ 40% د۔ 60%

(vi) زلزلے میں گر جانے سے کون سا مرض ہو جاتا ہے؟

الف۔ دماغ کا مرض ب۔ دل کا مرض

ج۔ مرگی د۔ لرزہ

(vii) افسانہ 'مائیں' میں بیگمات کی زندگی میں زیادہ ______ ہوتی تھیں۔

الف۔ دعائیں ب۔ بددعائیں

ج۔ الزام تراشیاں د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(viii) 'زیور کا ڈبا' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ پریم چند ب۔ سرسید احمد خاں

ج۔ پطرس بخاری د۔ مشتاق یوسفی

(ix) انسانیت پر اسلام کا سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ وہ ایک پاکیزہ ماحول کی ______ دیتا ہے۔

الف۔ دعوت ب۔ ہدایت

ج۔ ضمانت د۔ نصرت

(x) جابر کے زمانے میں کیمیا کی ساری کائنات ______ تک محدود تھی۔

الف۔ مہوسی ب۔ تجربہ

ج۔ عمل د۔ الف اور ب دونوں

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) اختر کو ________ کا مرض تھا۔

الف۔ دل | ب۔ گردوں
ج۔ پھیپھڑوں | د۔ دماغ

(xii) نظم 'شام رنگین' کے شاعر کون ہیں؟

الف۔ حفیظ جالندھری | ب۔ اختر شیرانی
ج۔ علامہ اقبالؒ | د۔ سید محمد جعفری

(xiii) 'ایک کہانی بڑی پرانی' میں مالکن نے بختو میاں سے کہا ''میرا دماغ نہ ________''

الف۔ چاٹو | ب۔ کھاؤ
ج۔ دکھاؤ | د۔ دباؤ

(xiv) اقبال نے صحرائے عرب کو شتربانوں کا ________ کہا ہے۔

الف۔ گھر | ب۔ علاقہ
ج۔ گہوارہ | د۔ آشیانہ

(xv) 'ایک کہانی بڑی پرانی' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ شوکت تھانوی | ب۔ ہاجرہ مسرور
ج۔ غلام عباس | د۔ پریم چند

(xvi) چڑیا اور چڑے نے اپنا گھونسلہ ________ میں بنایا تھا۔

الف۔ کھڑکی | ب۔ کھوہ
ج۔ کوٹھی | د۔ جنگل

(xvii) نظم 'شب معراج' میں کس پیغمبر کو آسمانوں کی سیر کے لیے بلایا گیا؟

الف۔ حضرت عیسیٰؑ | ب۔ حضرت محمد ﷺ
ج۔ حضرت موسیٰؑ | د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xviii) اقبالؒ کا شامل نصاب خط کس کے نام ہے؟

الف۔ مولانا گرامی | ب۔ غالبؔ
ج۔ مولانا صاحب | د۔ جناب عالی

(xix) شامل نصاب نعت کے شاعر کون ہیں؟

الف۔ علامہ اقبالؒ | ب۔ اکبر الہ آبادی
ج۔ مولانا ظفر علی خاں | د۔ میر ببر علی انیس

(xx) غزل کے کس شعر کو مقطع کہتے ہیں؟

الف۔ آخری | ب۔ دوسرے
ج۔ پہلے | د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ____

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-I

## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت : 2:35 گھنٹے | کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

## حصہ دوم (کل نمبر 48)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات تحریر کیجیے: (12 x 4 = 48)

(i) جابر بن حیان کون کون سی صنعتوں کے طریقے جانتا تھا؟

(ii) تعزیت نامہ سے کیا مراد ہے؟

(iii) ٹھاکر نے پرکاش کے ساتھ کیسا حسنِ سلوک کیا؟

(iv) محاورہ کے معنی لغت اور اصطلاح کے لحاظ سے الگ الگ لکھیں۔

(v) زندگی کے متعلق منظور کا نظریہ کیا تھا؟

(vi) تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

(vii) چوری کے بعد پرکاش کے مزاج میں کیا تبدیلی واقع ہوئی؟

(viii) مکتوب اقبال میں اقبالؒ نے خط کی ابتداء کیسے کی؟

(ix) افسانہ 'ماں' میں کون سا جذبہ دونوں بیگمات میں صلح کا ذریعہ بن گیا؟

(x) دوئی سے کیا مراد ہے؟

(xi) سگریٹ کس طرح دہرا نقصان پہنچاتا ہے؟

(xii) شراب کس طرح ام الخبائث ہے؟

(xiii) منشیات سے بچنے کے لیے کیا اقدامات ضروری ہیں؟

(xiv) شاملِ نصاب حمد میں اللہ تعالیٰ کی جو صفات بیان کی گئی ہیں، ان کا مفہوم لکھیے۔

(xv) پرکاش کو چھپا دی کس بات نے سوچنے پر مجبور کیا؟

(xvi) مامن جب کئی نوریہ میں داخل تھیں تو ان کا دھیان ہر وقت گھر کی طرف کیوں رہتا تھا؟

## حصہ سوم (کل نمبر 32)

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1 +1 + 4 = 6)

الف۔ جابر شیر خوارگی ہی میں یتیم ہو گیا تھا۔ اس کا باپ حکومت کا مغضوب تھا اور بغاوت کے جرم میں قتل ہوا تھا۔ اس کی تربیت عرب کے ایک دور افتادہ علاقے کے ایک بدوی قبیلے میں ہوئی تھی جہاں اس نے اپنے بچپن اور جوانی کے ایام گزارے تھے۔

ب۔ رات کو وہ اختر سے دیر تک خوشی سے بھرپور ننھی ننھی معصوم باتیں کرتا رہا۔ آخر سو گیا۔ اختر جاگتا رہا اور سوچتا رہا کہ منظور کب تک ٹھیک ہوگا۔ کیا دنیا میں کوئی ایسی دوا موجود نہیں جو اس پیارے بچے کو تندرست کر دے۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے: (1 + 1 + 5 = 7)

الف۔
دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمہی تو ہو
ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تمہی تو ہو
پھوٹا جو سینۂ شبِ تارِ الست سے
اس نورِ اولیں کا اجالا تمہی تو ہو

ب۔
عکسِ شفق نے کی ہے اس طرح زرفشانی
گھل مل کے بہہ رہے ہیں ندی میں آگ پانی
اوڑھے سیہ دوپٹے سرسبز وادیوں نے
زیور اتار ڈالے گلزار زادیوں نے

سوال نمبر۵: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے: (4)

(i) استعارہ سے کیا مراد ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔

(ii) دھاتوں کے متعلق جابر بن حیان کا نظریہ کیا تھا؟

(iii) جملوں میں استعمال کریں: معمول ، نظر انداز کرنا ، الزام تراشی ، اصرار

سوال نمبر۶: کسی ایک عنوان پر کہانی لکھیں: (5)

الف لالچ بری بلا ہے
ب پیاسا کوا

سوال نمبر۷: تحفہ کا شکریہ ادا کرنے کے لیے چچا کے نام خط لکھیے۔ (5)

سوال نمبر۸: پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیں۔ (5)